# زکوۃ کی اہمیت وفرضیت اور اس کے مصارف

تحریر۔۔۔۔
مولانا قاری محمد سلمان عثمانی




زکوۃ اسلام کا اہم رکن ہے قرآن کریم میں ایمان کے بعد نماز اور اس کے ساتھ ہی جا بجا زکوۃ کا ذکر کیا ہے۔ زکوۃ کے لفظی معنی پاک ہونا، بڑھنا اور نشوونما پانا کے ہیں، یہ مالی عبادت ہے۔ یہ محض اداروں کی کفالت اور دولت کی تقسیم کا ایک موزوں ترین عمل ہی نہیں بلکہ ایسی عبادت ہے جو قلب اور روح کا میل کچیل بھی صاف کرتی ہے۔

انسان کو اللہ کا مخلص بندہ بناتی ہے۔ نیز زکوۃ اللہ کی عطا کی ہوئی بے حساب نعمتوں کے اعتراف اور آس کا شکر بجالانے کا بہترین ذریعہ ہے۔ زکوۃ مال کا وہ حصہ ہے جس کا ادا کرنا فرض ہے اور آج مسلمان کو زکوۃ ادا کرنا گراں لگتا ہے، بہت سے مسلمان زکوۃ کی فرضیت سے غافل، بہت سے لوگ حیلوں اور بہانوں کی تلاش میں رہتے ہیں جس کی بدولت زکوۃ سے بچ جائیں، کچھ مسلمان زکوۃ ادا کرتے ہیں مگر پورا حساب کتاب کئے بغیر محض اندازے سے یا ذوق کے مطابق کچھ مال زکوۃ کے نام سے نکال دیا حالانکہ یہ بھی بڑی کوتاہی ہے، زکوۃ نکالنے کے لئے پہلے پورا حساب کتاب کیا جائے تا کہ زکوۃ کی اصل رقم معلوم ہو اور پھر اس کی ادائیگی کی ترتیب بنائی جائے۔

زکوۃ کے بارے میں قرآن وحدیث میں کثرت اور وضاحت کے ساتھ تمام ضروری احکام وہدایات موجود ہیں اور زکوۃ ادا نہ کرنے پر بہت سخت وعیدات سنائی گئی ہیں اور یہ سب اہتمام ہم جیسے ایمان والوں کے لئے کیا گیا ہے جو نفس اور شیطان کے بہکاوے میں آ کر اسلامی احکامات سے دور ہو جاتے ہیں۔ ارشاد خداوندی ہے۔"اور قائم کرو تم لوگ نماز کو اور زکوۃ ادا کرو اور عاجزی کرو عاجزی کرنے والوں کے ساتھ" (سورہ البقرہ) اسلامی احکام میں اعمال دو قسم کے ہیں، ظاہری اعمال اور باطنی اعمال، پھر ظاہری اعمال کی دو قسمیں ہیں بدنی عبادات اور مالی عبادات گویا اب تین کلیات ہو گئیں (۱) بدنی عبادات (۲) مالی عبادات (۳) باطنی اعمال، اللہ تعالیٰ نے درج بالا آیت میں ان تینوں کلیات کی اہم جزئیات بیان فرما دی ہیں، بدنی عبادات کے سلسلے میں نماز کا ذکر کر دیا۔

مالی عبادات کے سلسلے میں زکوۃ کا ذکر کر دیا اور باطنی اعمال کے سلسلے میں عاجزی و تواضع کا ذکر کر دیا، اس سے بخوبی معلوم ہو گیا کہ جس طرح بدنی عبادات میں نماز سب سے مقدم اور اہم ترین ہے اسی طرح مالی عبادات میں زکوۃ سب سے مقدم اور اہم ترین ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:" اور میری رحمت (ایسی عام ہے کہ) تمام چیزوں کو محیط ہے۔

پس اس کو (کامل طور پر خاص کر کے) ان لوگوں کے لئے لکھوں گا جو تقویٰ اختیار کرتے ہیں اور زکوۃ دیتے ہیں اور ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں" (سورہ اعراف) ارشاد باری تعالیٰ ہے" اور جو چیز تم اس غرض سے دو گے کہ سود بن کر لوگوں کے مال میں بڑھتی کا سبب بنے تو یہ (چیز) اللہ کے نزدیک نہیں بڑھتی اور جو زکوۃ (یا دیگر صدقات وغیرہ) دو گے جس سے تمہیں اللہ کی رضا مقصود ہو تو ایسے لوگ اپنے دیئے ہوئے مال کو اللہ تعالیٰ کے پاس بڑھاتے رہیں گے" (سورہ روم) ارشاد باری تعالیٰ ہے، ترجمہ: اللہ جل شانہ کو اگر قرض دو اللہ کو اچھی طرح قرض دینا وہ دوگنا کر کے تم کو اور تم کو بخشے، اس کے مقابلے میں جو لوگ زکوۃ ادا نہیں کرتے ان کے لیے اللہ کا ارشاد ہے، ترجمہ: جو لوگ جمع کرتے ہیں سونا اور چاندی اور اس کو خرچ نہیں کرتے اللہ کی راہ میں تو ان کو خوشخبری سنا دے عذاب دردناک کی۔

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جب تم نے اپنے مال کی زکوۃ ادا کر دی تو تمہارے اوپر جو تمہارے مال کا فرض حق تھا وہ ادا کر دیا (سنن ابن ماجہ، **1788**) حضرت جابرؓ سے مروی ہے، ایک شخص نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ اس شخص کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے جس نے اپنے مال کی زکوۃ ادا کر دی ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے مال کا شر (نقصان دہ پہلو) ختم ہو گیا۔

(المعجم الاوسط للطبرانی،: **1579**) کامیاب ہونے والوں کی جو صفات قرآن پاک میں گنوائی گئی ہیں، ان میں ایک صفت زکوۃ کی ادائیگی بھی ہے، زکوۃ ادا کرنا ایمان کی دلیل اور علامت ہے (سنن ابن ماجہ، کتاب الطہار، رقم الحدیث: **280**) ایک حدیث شریف میں جنت کے داخلے کے پانچ اعمال گنوائے گئے ہیں، جن میں سے ایک زکوۃ کی ادائیگی بھی ہے (سنن ابوداود، کتاب الصلاۃ) انسان کے مال کی پاکی کا ذریعہ زکوۃ ہے (مسند احمد) یہ انسان کے گناہوں کی معافی کا بھی ذریعہ ہے (مجمع الزوائد، کتاب الزکوۃ) زکوۃ کی ادائیگی پر جہاں من جانب اللہ انعامات وفوائد ہیں۔

وہاں اس فریضے کی ادائیگی میں غفلت برتنے والے کے لیے قرآن پاک اور احادیثِ مبارکہ میں وعیدیں بھی وارد ہوئی ہیں، اور دنیا و آخرت میں ایسے شخص کے اوپر آنے والے وبال کا ذکر بکثرت کیا گیا ہے، جو لوگ زکوۃ ادا نہیں کرتے آن کے مال کو جہنم کی آگ میں گرم کر کے اس سے آن کی پیشانیوں، پہلوؤں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا (سورہ التوبہ: **34.35**) ایسے شخص کے مال کو طوق بنا کر آس کے گلے میں ڈال دیا جائے گا (سورہ آل عمران: **180**) ایسا مال آخرت میں آس کے کسی کام نہ آسکے گا (سورہ البقرہ: **254**) زکوۃ کا ادا نہ کرنا جہنم میں لے جانے والے اعمال کا ذریعہ بنتا ہے۔

ایسے شخص کا مال قیامت کے دن ایسے زہریلے ناگ کی شکل میں آئے گا، جس کے سر کے بال جھڑ چکے ہوں گے، اور اس کی آنکھوں کے اوپر دو سفید نقطے ہوں گے، پھر وہ سانپ آس کے گلے کا طوق بنا دیا جائے گا، پھر وہ اس کی دونوں باچھیں پکڑے گا (اور کاٹے گا) اور کہے گا کہ میں تیرا مال ہوں، میں تیرا جمع کیا ہوا خزانہ ہوں۔ (صحیح بخاری) مرتے وقت ایسا شخص زکوۃ ادا کرنے کی تمنا کرے گا، لیکن اس کے لیے سوائے حسرت کے اور کچھ نہ ہو گا (سورہ المنافقون: **10**) ایسے شخص کے لیے آگ کی چٹانیں بچھائی جائیں گی، اور آن سے ایسے شخص کے پہلو، پیشانی اور سینے کو داغا جائے گا (صحیح مسلم) جب کوئی قوم زکوۃ روک لیتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس قوم کو قحط سالی میں مبتلا کر دیتا ہے۔ (المعجم الاوسط للطبرانی) ان آیات اور احادیث کی رو سے زکوۃ کی ادائیگی ایک مسلمان کے لیے آخرت کی نعمتوں کے حصول اور عذاب جہنم سے نجات کا ذریعہ ہے۔ جس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں ہو سکتی۔ زکوۃ کی ادائیگی ایک مسلمان کو یاد دلاتی ہے کہ جو دولت وہ کماتا ہے وہ حقیقت میں اس کی ملکیت نہیں بلکہ اللہ پاک کی دی ہوئی امانت ہے، یہ احساس اسے معاشی بے راہروی سے بچاتا ہے اور اس کے تمام اعمال کو احکام الٰہی کے تابع کرتا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کے ارشاد کے مطابق معاشی معاملات دین کا ایک حصہ ہیں۔ جب انسان دولت جیسی نعمت اللہ تعالیٰ کے حکم پر خرچ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے جذبہ کی قدر کرتا ہے اور اس کے خرچ شدہ مال کو اپنے ذمے قرض قرار دیتا ہے اور وعدہ فرماتا ہے کہ بندے کا یہ قرض وہ کئی گنا بڑھا کر واپس کرے گا۔ زکوۃ کے نظام سے دولت کا ایک حصہ امیر طبقہ سے غریب طبقہ کی جانب بھی مڑ جاتا ہے۔ جس سے غریب کی معاشی حالت بہتر ہوتی ہے۔

معاشرے میں دولت کی وہی حیثیت ہوتی ہے جو انسانی جسم میں خون کی۔ اگر یہ سارا خون دل میں (یعنی مالدار طبقے) میں جمع ہو جائے تو پورے اعضائے جسم (یعنی عوام) کو مفلوج کر دینے کے ساتھ ساتھ خود اپنے لئے بھی مضر ثابت ہو گا۔ اگر ایک طرف مفلس طبقہ نا داری کے مسائل سے دوچار ہو گا تو دوسری طرف صاحب ثروت طبقہ دولت کی فراوانی سے پیدا ہونے والے اخلاقی امراض مثلاً عیاشی اور فکر آخرت سے غفلت کا شکار ہو جائے گا۔

ظاہر ہے ایسی صورت میں ان دونوں طبقوں میں حسد اور حقارت کے علاوہ کوئی رشتہ باقی نہیں رہے گا۔ ان تمام انفرادی اور اجتماعی فوائد کے پیش نظر حضور ﷺ کو مدینے کی اسلامی ریاست کے قیام کے فوراً بعد اللہ نے حکم دیا کہ ان کے مال کو زکوۃ کی ادائیگی سے پاک کرے اور بابرکت کرے۔ حقیقت میں ایماندار مسلمان وہی ہے جو یقین رکھتے ہیں کہ جو کچھ اللہ کی راہ میں اس کی خوشنودی کے لئے خرچ کیا جائے گا وہ ضائع نہیں ہو گا بلکہ اس کا بہترین بدلہ عطا فرمائے گا۔

ایک مومن وہ ہے جو دولت کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ کی محبت کو دل میں جگہ دیتا ہے جس کے فضل وکرم سے اسے دولت حاصل ہوئی اور وہ دولت اسی کی راہ میں خرچ کر رہا ہوتا ہے! زکوۃ دین کا ایک اہم رکن ہے اور یہ ایک ٹیکس نہیں ہے بلکہ دراصل یہ اسلام کی روح اور جان ہے۔ یہ درحقیقت ایمان کا امتحان ہے۔ جب مال کی قربانی کا امتحان بھی پاس کر لیتا ہے تو پورا مسلمان بن جاتا ہے۔ (سورہ توبہ **60**)

اسلام میں زکوۃ کے آٹھ مصارف بیان کیے گئے ہیں جن میں فقراء اور مساکین کے علاوہ عاملین زکوۃ بھی شامل ہیں یعنی وہ زکوۃ کی مد سے تنخواہ وغیرہ لے سکتے ہیں، زکوۃ کے حق دار آٹھ قسم کے لوگ ہیں ان کو زکوۃ دی جا سکتی ہے۔ ان کی تفصیل اور توضیح اللہ تعالیٰ نے سورہ التوبہ کی آیت نمبر **60** میں بیان فرما دی ہے

(**1**) فقراء: فقر کی جمع ہے۔

اس سے مراد ایسے لوگ ہیں جن کے پاس گزر بسر کیلئے کچھ نہ ہو (**2**) مساکین: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے جائز اخراجات زیادہ ہوں اور آمدن کم ہو (**3**) عاملین: جو زکوۃ وصول کرنے اس کا حساب وکتاب رکھنے کے ذمہ دار ہوں (**4**) مولف القلوب: اس سے مراد وہ کافر ہے جس سے امید ہو کہ وہ مال لے کر مسلمان ہو جائے گا یا مسلمانوں کو ایذا دینے سے رک جائے گا (**5**) فی الرقاب: گردنیں آزاد کروانے کیلئے، یعنی غلام مسلمان کو آزاد کروانے کے لئے اور مسلمانوں کو دشمن کی قید سے رہائی کے لئے (**6**) غارمین: مقروض جو اپنا قرض ادا نہیں کر سکتے ان پر زکوۃ خرچ کر کے قرض سے نجات دلانے کیلئے (**7**) فی سبیل اللہ: اس سے مراد جہاد ہے اور جہاد اسلام کی چوٹی ہے جہاد فی سبیل اللہ اور مجاہدین کے جملہ مصارف وضروریات کو پورا کرنے لئے زکوۃ کو خرچ کرنا حدیث سے ثابت ہے۔

ایک آدمی نے اپنی نکیل والی اونٹنی راہ جہاد میں وقف کی تو آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ تجھے اس اونٹنی کے بدلے سات سو اونٹنیاں عطا فرمائے گا اور سب نکیل والی ہوں گی۔ اس مصرف پر مسلمانوں کو خصوصی توجہ کی ضرورت ہے (**8**) مسافر: جس کا دوران سفر زاد راہ ختم ہو گیا اس کو زکوۃ کے مال سے دینا تاکہ منزل مقصود تک پہنچ جائے۔

زکوۃ کن پر خرچ نہیں ہو سکتی: آل رسول ﷺ، امیر و مالدار، غیر مسلم اور ایسے لوگ جن کے اخراجات و کفالت کا ذمہ دار خود زکوۃ دہندہ ہے ان پر زکوۃ کا مال صرف نہیں کیا جا سکتا۔ زکوۃ سونے چاندی، مال تجارت اور جانوروں پر اور زمین کی پیداوار پر فرض ہے۔ زکوۃ نہ ادا کرنے والوں کی سزا: جو لوگ سونے اور چاندی کو جمع کرتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خبر پہنچا دیجئے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو آدمی اپنے مال کی زکوۃ ادا نہیں کرتا قیامت کے دن اس کا مال وہ دولت گنجے سانپ کی شکل میں اس پر مسلط کر دیا جائے گا جو اس کو مسلسل ڈستا رہے گا اور کہے گا میں تیرا مال اور خزانہ ہوں، جس آدمی نے اپنے مویشیوں کی زکوۃ ادا نہ کی ہو گی قیامت والے دن وہ جانور اس آدمی کو سینگوں سے ماریں گے اور اپنے قدموں تلے روندیں گے۔

زمین کی پیداوار میں سے عشر ہے۔ بارانی زمین بیسواں حصہ بیس من میں سے دو من اور جس زمین کو ٹیوب ویل وغیرہ سے سیراب کیا جاتا ہو اس کے بیس من میں سے ایک من ہے یعنی نصف۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ارشاد فرمایا" اے ایمان والو خرچ کرو پاکیزہ چیزوں میں سے جو تم نے کمائی ہیں اور ان چیزوں میں سے جو ہم نے تمہارے لئے زمین سے نکالی ہیں" (البقرہ آیت **267**) دوسری جگہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: "فصل کی کٹائی کے وقت اس کا حق ادا کرو" (سورہ الانعام آیت نمبر **142**) نبی ﷺ نے فرمایا جس زمین کو بارش کے پانی یا چشمہ سے سیراب کریں یا زمین تر و تازہ ہو اس کی پیداوار میں سے دسواں حصہ ہے اور جس زمین کو کنویں کے ذریعے پانی دیا جائے اس میں نصف عشر (یعنی بیسواں حصہ) زکوۃ ہے۔

(صحیح بخاری)



# متوازن غذا کی اہمیت اور حصول کے ذرائع

تحریر۔۔۔۔۔
ڈاکٹر خدیجہ طارق

اللہ تعالی نے اس دنیا میں مختلف انواع و اقسام کے پودے، درخت، پھول، پھل، سبزیاں، میوہ جات اور جانور پیدا کیے اور انھیں انسان کی خوراک کا ذریعہ بنایا۔ جس طرح ایک گاڑی کو کام کرنے کے لیے ایندھن کی ضرورت ہوتی ہے۔

جب تک اس کا ایندھن پورا نہ ہو اور اس کی حالت اچھی نہ ہو وہ ٹھیک طریقے سے کام نہیں کر سکتی۔ بالکل اس طرح انسانی جسم کو گروتھ اور نشوونما کے لیے خوراک کی ضرورت ہوتی ہے اور ہمیں توانائی یعنی انرجی خوراک سے ملتی ہے۔ اگر ہماری غذا متوازن ہو تو ہمارے جسم کی کارکردگی اور نشوونما بھی بہتر اور اچھی ہوتی ہے۔

انسانی جسم کو اپنا کام بہتر طریقے سے سرانجام دینے کے لیے نیوٹرینٹس کی ضرورت ہوتی ہے۔ نیوٹرینٹس ہمارے جسم کے ہر عضو یعنی آرگن کے لیے بے حد ضروری ہیں۔ یہ انرجی کا اہم ذریعہ ہونے کے علاوہ جسم میں ہونے والے اہم میکانزمز میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر خوراک کو گروپس میں تقسیم کیا جائے تو مجموعی طور پر فوڈ گروپس چھے (**6**) بنتے ہیں۔ ایک بہترین اور متوازن ڈائٹ جو ہمارے جسم کی ضرورت ہے وہ ان چھ گروپس کے فوڈ آئٹمز سے مل کر بنتی ہے:

**1**۔ کاربوہائیڈریٹس، **2**۔ پروٹینز، **3**۔ فیٹس، **4**۔ وٹامنز اینڈ منرلز، **5**۔ ڈائٹری فائبر، **6**۔ پانی

ایک مکمل غذا جو انسانی جسم کی بہتر کارکردگی نشوونما اور اسے بیماریوں سے بچانے کے لیے ضروری ہے، ان تمام فوڈ گروپس کا مجموعہ ہوتی ہے۔ ایک مخصوص تناسب ان تمام فوڈ گروپس سے لینا ضروری ہے۔

ایک مکمل متوازن غذا میں سب سے پہلے ہم کیلوریز کو کیلکولیٹ کرتے ہیں۔ ہمارے وزن، قد، عمر اور جنس کو مدنظر رکھتے ہوئے کیلوریز کو شمار کیا جاتا ہے۔ ایک عام خاتون جو زائد وزن کی نہ ہو، اس کی روزانہ کیلورک ضرورت تقریباً **2000** ہوتی ہے۔ ایک عام صحت مند مرد کی کیلورک ضرورت تقریباً **2500** ہوتی ہے۔

متوازن غذا میں کیلورک ریکوائرمنٹ کو پورا کرنے کے لیے ہم کیلوریز کو فوڈ گروپس کے تین میجر گروپس جنھیں ہم میکرو نیوٹرینٹ کہتے ہیں، میں تقسیم کرتے ہیں۔

ہمارے کیلوریز کا **60-65** فیصد کاربوہائیڈریٹس سے پورا ہونا چاہیے کیونکہ یہ انرجی کا اہم سورس ہیں۔ **10-12** فیصد پروٹینز سے پورا ہونا چاہیے کیونکہ یہ بالوں، ناخنوں، ہڈیوں اور پٹھوں کے لیے ضروری ہیں اور خون کا بھی اہم جزو ہیں۔ اور **20-25** فیصد کیلوریز ہمیں فیٹس سے لینی چاہئیں۔ یہ بھی ہمارے غذا کا اہم جزو ہیں اور ہمیں انرجی مہیا کرنے کے ساتھ سیل گروتھ میں بھی مدد کرتی ہیں۔ بلڈ کولیسٹرول لیول اور بلڈ پریشر کو بھی کنٹرول رکھتی ہیں۔

وٹامنز منرلز اور ڈائٹری فائبر کو ہم مائیکرو نیوٹرینٹس کا نام دیتے ہیں، یہ بھی جسم کی نشوونما کے لیے بے حد ضروری ہیں۔ اور ہمارے جسم میں ہونے والے کیمیکل پروسیسز کا اہم حصہ ہیں۔

وٹامنز اور منرلز زیادہ تر سبزیوں اور پھلوں میں پائے جاتے ہیں۔ ڈائٹری فائبر نظام انہضام یعنی ڈائجیسٹو سسٹم کیلئے ضروری ہے، یہ بھی سبزیوں پھلوں اور کمپلیکس کاربوہائیڈریٹس میں پایا جاتا ہے۔ پانی بھی ہماری غذا کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ باڈی میں ہونے والے مختلف میکانزمز میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بلڈ پریشر اور باڈی ٹمپریچر کو بھی متوازن رکھتا ہے۔ غذا کے ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے۔ اور گردوں کی کارکردگی بہتر بناتا ہے۔

متوازن خوراک کے لیے تمام فوڈ گروپس میں ریمکنڈڈ ڈائٹری الاؤنس کے مطابق غذا استعمال کریں۔ اور ہر چیز اعتدال میں استعمال کریں اور خود کو بیماریوں سے بچا کر ایک صحت مند زندگی گزاریں۔



## کاربوہائیڈریٹس (نشاستہ)

کاربوہائیڈریٹس جن کا دوسرا نام 'شوگرز' ہے، ہماری غذا کا اہم حصہ ہیں۔ یہ جسم کو توانائی مہیا کرتے ہیں۔ ہماری متوازن غذا کا تقریباً **55** سے **65** فیصد حصہ کاربوہائیڈریٹس سے پورا ہوتا ہے۔ ایک میڈیکل ریسرچ کے مطابق **2000** کیلوریز لینے والے انسان کو روزانہ **275** گرام کاربوہائیڈریٹس لینے چاہئیں۔ کاربوہائیڈریٹس کا ایک گرام ہمیں چار کیلوریز دیتا ہے۔

کاربوہائیڈریٹس کو عموماً دو گروپس میں تقسیم کیا جاتا ہے:

سمپل کاربوہائیڈریٹس کو ہم 'برے کاربوہائیڈریٹس' بھی کہتے ہیں کیونکہ یہ ہماری صحت کے لیے اچھے نہیں ہوتے۔ ان میں فائبر کی مقدار بہت کم ہوتی ہے، اس لیے یہ جلدی ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جاتے ہیں، موٹاپے کا باعث بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ ہائی کولیسٹرول، ہائی بلڈ پریشر، ہائی بلڈ شوگر اور دل کی بیماریوں کا باعث بھی بنتے ہیں۔

سمپل کاربوہائیڈریٹس کو مزید تین گروپس میں تقسیم کیا جاتا ہے:

یہ عام طور پر ایک یا دو شوگر مالیکیولز سے مل کر بنتے ہیں جو بہت جلدی ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جاتے ہیں اور بلڈ شوگر لیولز کو بڑھا دیتے ہیں، انھیں 'ایمپٹی کیلوریز' بھی کہا جاتا ہے کیونکہ ان میں وٹامنز، منرلز اور ڈائٹری فائبر نہیں پایا جاتا۔ یہ صرف ہمیں کیلوریز دیتے ہیں جو ہماری غذائی ضروریات کو پورا کر دیتی ہیں لیکن وہ بنیادی اجزاء فراہم نہیں کرتے جو ہماری گروتھ، نشوونما اور صحت کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔

سمپل کاربوہائیڈریٹس ڈیری پروڈکٹس، بیکڈ پروڈکٹس بسکٹ، کیک، کینڈیز، سوڈا ڈرنکس اور فرائیڈ فوڈ آئٹمز میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ وائٹ فلور، چینی، وائٹ پولشڈ رائس وغیرہ میں پائے جاتے ہیں۔

کمپلیکس کاربوہائیڈریٹس کو 'اچھے کاربوہائیڈریٹس' بھی کہا جاتا ہے۔ کاربوہائیڈریٹس کی اس قسم میں فائبر شامل ہوتا ہے۔ یہ ہم زیادہ تر پودوں سے حاصل کرتے ہیں۔ یہ دیر سے ہضم ہوتے ہیں اور خون میں شوگر کی مقدار کو جلدی نہیں بڑھاتے۔ ان کے استعمال سے بلڈ گلوکوز لیول متوازن رہتا ہے۔ یہ زیادہ تر سبزیوں، پھلوں، دالوں اور لوبیا وغیرہ میں پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ گندم، جو کا دلیہ اور براؤن رائس بھی کمپلیکس کاربوہائیڈریٹس کا ذریعہ ہیں۔ غذا میں کمپلیکس کاربوہائیڈریٹس تقریباً **55** سے **65** فیصد تک شامل کریں۔ یہ کاربوہائیڈریٹس پھلوں، سبزیوں، دالوں اور گندم سے حاصل کریں۔ سمپل کاربوہائیڈریٹس کو اپنی غذا سے نکال دیں۔

## پروٹین (لحمیات)

پروٹینز انسانی غذا کا ایک اہم جزو ہیں۔ یہ **amino acids** سے مل کر بنتے ہیں اور ہمارے جسم کی گروتھ اور نشوونما کے لیے بے حد ضروری ہیں۔ جسم میں ہونے والے کیمیکلز ریکشنز کا ایک لازمی جزو ہیں۔ اس کے علاوہ ٹشوز کو **Repair** کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ بالوں اور ناخنوں کی صحت کے لیے بھی ضروری ہیں۔

متوازن غذا میں ہماری ٹوٹل کیلوریز کا تقریباً **10** سے **12** فیصد حصہ پروٹینز سے پورا ہونا لازمی ہے۔ **0.8** گرام فی کلو گرام جسمانی وزن کے حساب سے پروٹینز لینے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ ایک انسان جس کا وزن **70** کلوگرام ہو اسے **58** گرام پروٹینز روزانہ اپنی غذا میں شامل کرنے چاہیے۔ بعض حالات میں پروٹینز کی ضرورت بڑھ جاتی ہے۔

چھوٹے بچوں کو پروٹینز کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے کیونکہ ان کی گروتھ میں پروٹینز کا اہم کردار ہے۔ اس کے علاوہ حمل کے دوران میں بھی پروٹینز کی ضرورت عام لوگوں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے اور بڑی عمر کے افراد کو بھی پروٹینز کی ضرورت زیادہ ہوتی ہے۔

### پروٹینز کی دو اقسام ہیں:

پلانٹ بیسڈ پروٹینز ہم پودوں سے حاصل کرتے ہیں اور یہ نٹس میں پایا جاتا ہے۔ بادام، اخروٹ، کاجو، پستہ وغیرہ۔ اینیمل بیسڈ پروٹینز ہم جانوروں سے حاصل کرتے ہیں۔ ان میں دودھ، گوشت، انڈہ، مچھلی، چکن وغیرہ شامل ہیں۔ ہمیں اپنی غذا میں اینیمل اور پلانٹ دونوں سے حاصل ہونے والی پروٹینز شامل کرنی چاہئیں۔

پروٹینز اینٹی باڈیز اور ہارمونز بھی بناتے ہیں، اس لیے یہ امیون سسٹم اور باڈی میٹابولزم کے لیے بہت ضروری ہیں۔ یہ توانائی کا اہم ذریعہ ہیں۔ آپ وزن کم کر رہے ہیں تو غذا میں پروٹینز لازمی شامل کریں۔

متوازن غذا آپ کو نہ صرف بیماریوں سے بچاتی ہے بلکہ بیماروں کو کنٹرول کرنے میں بھی مدد دیتی ہے۔ اگر آپ شوگر کے مریض ہیں تو اپنی غذا میں پروٹینز کو لازمی شامل کریں۔ یہ بلڈ گلوز کو **Stablize** کرتے ہیں اور انسولین **resistance** سے بچاتے ہیں۔

## چکنائی (چربی)

فیٹس جسے ہم اردو میں 'چربی' کہتے ہیں، انسانی غذا کا ایک اہم جزو ہے۔ انسٹیٹیوٹ آف میڈیسن اینڈ امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے مطابق روزانہ **30** سے **35** فیصد کیلوریز فیٹ سے غذا میں شامل کرنا ضروری ہیں۔ ایک انسان جس کی کیلورک ریکوائرمنٹ **2000** ہے، اسے **70** سے **80** گرام فیٹس غذا میں شامل کرنے چاہئیں۔ فیٹ ہمیں انرجی مہیا کرنے کے علاوہ ہماری برین گروتھ کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس کے علاوہ یہ **Fat soluble** وٹامنز کو جسم میں جذب ہونے میں مدد کرتی ہے۔ وٹامن **A,E,D,K** کو جذب کرنے میں مدد دیتی ہے۔

### فیٹس کی تین اقسام ہیں:

سچوریٹڈ فیٹس روم ٹمپریچر پر سولڈ ہوتی ہے، اس قسم میں گھی، مکھن وغیرہ شامل ہیں۔ ہماری روزانہ کی خوراک میں سچوریٹڈ فیٹس **6** فیصد سے بھی کم ہونی چاہیے، اسے استعمال ضرور کریں لیکن اعتدال میں استعمال کریں۔ کیونکہ اس کا زیادہ استعمال **LDL** بڑھاتا ہے۔ **LDL** 'بیڈ کولیسٹرول' ہے۔ جب خون میں اس کی مقدار زیادہ ہو جاتی ہے تو آرٹریز میں کلوٹنگ کرتا ہے، اور جب خون جم جاتا ہے تو وہ خون کی نالیوں میں سے گزر نہیں سکتا۔ اس کی وجہ سے ہارٹ اٹیک ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔

'ان سچوریٹڈ فیٹس' روم ٹمپریچر پر لیکوئیڈ ہوتی ہیں اور یہ پلانٹ بیسڈ آئلز ہوتے ہیں۔ مثلاً زیتون کا تیل، کینولا آئل، ناریل کا تیل اور باقی سب تیل شامل ہیں۔ ہمیں اپنی غذا میں یہ سچوریٹڈ فیٹس شامل کرنے چاہئیں۔ سچوریٹڈ فیٹس کو بھی مکمل طور پر نہیں چھوڑنا چاہیے بلکہ ان دونوں کو اعتدال میں استعمال کرنا چاہیے۔ زیتون کا تیل اور دیسی گھی کھانا بنانے کے لیے بہترین ہیں۔

ٹرانز فیٹس، 'ان سچوریٹڈ فیٹس' کی ایک قسم ہے۔ اس کی دو اقسام ہیں: نیچرل اور آرٹیفیشل۔ نیچرل ٹرانز فیٹس زیادہ تر بیف، مٹن وغیرہ میں پائی جاتی ہے اور آرٹیفیشل ویجی ٹیبل آئلز وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔ انھیں ایک پروسیس سے گزار کر بنایا جاتا ہے۔ اس پروسس کو 'ہائیڈروجنیشن' کہتے ہیں۔

یہ فیٹ انسانی صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ اس لئے اسے اپنی غذا سے نکال دیں۔ یہ زیادہ تر فرائیڈ فوڈ آئٹمز میں پایا جاتا ہے اور بلڈ پریشر، ہائی کولیسٹرول لیول اور دل کی بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ فیٹ کا ایک گرام ہمیں نو کیلوریز فراہم کرتا ہے جو کاربوہائیڈریٹس اور پروٹینز کے ایک گرام کی کیلوریز سے دوگنا زیادہ ہے۔

## وٹامنز اینڈ منرلز

وٹامنز اور منرلز کو ہم 'مائیکرو نیوٹرینٹس' بھی کہتے ہیں۔ ہمارے جسم کو کاربوہائیڈریٹس، پروٹینز اور فیٹس کے مقابلے میں ان کی ضرورت کم مقدار میں ہوتی ہے، اس لیے انھیں 'مائیکرو نیوٹرینٹس' کہتے ہیں۔ وٹامنز اور منرلز ہماری غذا کا اہم جزو ہیں۔ یہ ہمیں توانائی مہیا کرنے کے علاوہ ہماری سیل گروتھ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ خون کی کلوٹنگ میں ان کا کردار بہت اہم ہے۔ ہمارا جسم وٹامنز خود نہیں بنا سکتا اس لیے ہمیں جسم کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وٹامنز اور منرلز غذا سے حاصل کرنا ہوتے ہیں۔

وٹامنز کی دو اقسام ہوتی ہیں:

چربی میں حل پذیر وٹامنز

پانی میں حل پذیر وٹامنز

واٹر **Solubls** وٹامنز میں وٹامن بی اور وٹامن سی شامل ہیں۔ وٹامن بی کی مزید بہت سی اقسام ہیں۔ مثلاً وٹامن بی ون، بی ٹو، بی تھری، بی فائیو، بی سکس، بی نائین، اور بی **12**۔ اور وٹامن سی کو 'اسکوربک ایسڈ' بھی کہتے ہیں۔

بی وٹامنز کے سورسز میں انڈہ، سی فوڈز، دالیں، نٹس، چھوٹا گوشت، سبز پتوں والی سبزیاں وغیرہ شامل ہیں۔ وٹامن سی امرود اور سٹرس فروٹس جس میں مالٹا، لیموں، گریپ فروٹس وغیرہ میں پایا جاتا ہے۔ فیٹ **soluble** وٹامنز میں وٹامن **A,D,E,K** شامل ہیں ان کے سورسز میں بیف لیور، فش اور فش آئلز اور ڈیری پروڈکٹس شامل ہیں۔

### منرلز یعنی معدنیات

معدنیات بھی ہمارے جسم کے نارمل فنکشن کے لیے ضروری ہیں۔ منرلز کی دو اقسام ہیں:

میکرو منرلز، ٹریس منرلز۔ میکرو منرلز منرلز کی ضرورت انسانی جسم کو زیادہ مقدار میں ہوتی ہے۔ ان میں کیلشیم، سوڈیم، فاسفورس، میگنیشیم، کلورائیڈ اور سلفر شامل ہیں۔ یہ سب منرلز ہمارے جسم میں ہونے والے میکانزم میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور جسم کے نارمل فنکشن کے لیے ضروری ہیں۔ ٹریس منرلز کی جسم کو کم مقدار میں ضرورت ہوتی ہے۔ آئرن، میگانیز، کوپر، کرومیم، کوبالٹ، آئیوڈین، فلورائیڈ وغیرہ۔

یہ ہمارے جسم میں ہونے والے کیمیکل ری ایکشنز میں انزائم کیٹالسٹ کے طور پر کام کرتے ہیں۔ جسم کے **Ph** کو بیلنس رکھنے میں مدد دیتے ہیں اور یہ خوراک سے حاصل کرنا ضروری ہے۔ یہ دودھ، انڈہ، مچھلی، گوشت، سبزیوں اور پھلوں میں پائے جاتے ہیں۔

آپ خود کو بیماریوں سے بچا کر صحت مند زندگی گزارنا چاہتے ہیں تو متوازن غذا استعمال کریں۔ غذا میں وٹامنز اور منرلز قدرتی ذرائع سے شامل کرنے کی کوشش کریں۔ تازہ سبزیوں اور پھلوں کا استعمال کریں۔ فرائیڈ اور پروسیسڈ فوڈ سے اجتناب کریں۔

## غذائی ریشہ

ڈائٹری فائبر بھی انسانی غذا کا ایک جزو ہے۔ یہ انسانی جسم میں جذب نہیں ہوتا۔ یہ پودوں کا وہ حصہ ہوتا ہے جسے ہضم کرنے کی صلاحیت انسانی جسم میں نہیں ہے کیونکہ اسے ہضم کرنے کے لیے **cellulase** انزائم کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور یہ انزائم انسانی جسم میں موجود نہیں ہوتا۔ یہ نظام انہضام کی بہتر کارکردگی کے لیے ضروری ہے۔ اس کے علاوہ یہ وزن کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اسے کھانے سے بھوک کم لگتی ہے، پیٹ بھرنے کا احساس ہوتا ہے، جس کی وجہ سے وزن کم ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ معدے کی صحت کے لیے بہت مفید ہے۔ قبض اور آنتوں کے کینسر سے بچاتا ہے۔

ڈائٹری فائبر ہمیں سبزیوں، پھلوں اور دالوں سے حاصل ہوتا ہے۔ ڈائٹری فائبر کاربوہائیڈریٹس کی وہ قسم ہے جو کاربوہائیڈریٹس، پروٹینز اور فیٹس کی طرح انسانی جسم میں جذب نہیں ہوتا۔ اس لیے یہ بلڈ کولیسٹرول لیول کو برقرار رکھتا ہے اور ذیابیطس کے مریضوں میں خون میں گلوکوز لیول کو برقرار رکھتا ہے جس کی وجہ سے بلڈ گلوکوز لیول ہائی نہیں ہوتا اور انسولین کی مزاحمت سے بھی بچاتا ہے اور دل کی بیماریوں سے بھی بچاتا ہے۔

### ڈائٹری فائبر کی دو اقسام ہیں:

سولوبل ڈائٹری فائبر فائبر پانی میں حل ہو جاتا ہے۔ یہ معدے کی نالی میں جا کر **gel** کی طرح کا ایک مرکب بناتا ہے جو غذا کے ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے۔ یہ زیادہ تر جو، باجرہ، مٹر، لوبیا، گریپ فروٹ اور اسپغول میں پایا جاتا ہے اور یہ بلڈ کولیسٹرول لیول کو برقرار رکھتا ہے اور بڑھے ہوئے کولیسٹرول لیول کو کم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ ذیابیطس کے مریضوں میں انسولین کی مزاحمت کو روکتا ہے اور خون میں گلوکوز لیول کو برقرار رکھتا ہے، اسے بڑھنے سے روکتا ہے اور بڑھے ہوئے گلوکوز لیول کو کم کرتا ہے۔

'ان سولوبل ڈائٹری فائبر' پانی میں حل نہیں ہوتا اور عمل انہضام کی نالی میں دوسرے اجزاء کے ساتھ مل کر خوراک کو معدے اور آنتوں سے آسانی سے گزرنے میں مدد دیتا ہے اور قبض سے بچاتا ہے۔ 'ان سولوبل فائبر' زیادہ تر **Whole wheat**، سبزیوں اور نٹس میں پایا جاتا ہے۔

امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے مطابق ایک نارمل انسان کو ایک دن میں **25** سے **35** گرام ڈائٹری فائبر سولوبل اور ان سولوبل دونوں ذرائع سے اپنی غذا میں شامل کرنا چاہیے۔ یاد رہے کہ آپ خود کو بیماریوں سے بچا کر ایک صحت مند زندگی گزارنا چاہتے ہیں تو اپنی غذا میں قدرتی غذائیں پھل، سبزیاں، دالیں لوبیا، گندم اور جو کا استعمال کریں اور خود کو بیماریوں سے بچائیں۔

## پانی

پانی کو اہم نیوٹرینٹ قرار دیا جاتا ہے۔ یہ ہماری غذا کا اہم حصہ ہے اور ہمارے جسم میں اہم میکانزمز کے لیے ضروری ہے۔ پانی کا مالیکیول ایک آکسیجن اور دو ہائیڈروجن مالیکیولز سے مل کر بنتا ہے۔ یہ نیوٹرینٹس کی ترسیل کے لیے ضروری ہے، نیوٹرینٹس کو سیل تک پہنچانے میں مدد دیتا ہے۔ جگر اور گردوں سے زہریلے مواد کے اخراج میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ باڈی ٹمپریچر کو ریگولیٹ کرنے میں مدد کرتا ہے۔ آکسیجن کو سیل تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ جسم میں ہونے والی کیمکل ریکشنز کا اہم حصہ ہے۔ ہماری باڈی آرگنز اور ٹشوز کے لیے ضروری بھی ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ کھانے کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔

پانی زیرو کیلوریز ہونے کی وجہ سے وزن کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ کھانے سے پہلے اس کا استعمال بھوک کو کم کرتا ہے۔ یہ بلڈ پریشر کو متوازن رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ 'یو۔ ایس نیشنل اکیڈمی آف سائنسز' کے مطابق عام صحت مند مرد کو دن میں پندرہ اور ایک خاتون کو بارہ گلاس پانی پینا چاہییں۔ یہ مقدار موسم، ٹمپریچر اور بیماری میں مختلف بھی ہو سکتی ہے۔ عموی طور پر ایک دن میں کم از کم دس سے بارہ گلاس پانی لازمی پئیں۔ پانی روم ٹمپریچر والا یا نیم گرم پانی کا استعمال کریں۔ صبح نہار منہ کھانا کھانے سے پہلے اور ایکسرسائز کے دوران پانی پینا صحت کے لیے مفید ہے۔

☆☆☆☆



